# ہم عمر افراد کے معاونتی گروپ کے اندر تحفظ کا احساس پیدا کرنا

## ہم عمر افراد کے معاونتی گروپ کے لیے ایک محفوظ اور موزوں ترتیب

ہم عمر افراد کے اس مخصوص گروپ جس کے ساتھ آپ کام کر رہے ہوتے ہیں، کے لیے ایسے مقام کا انتخاب کرنا ضروری ہے جو محفوظ اور موزوں ہو ۔ درج ذیل نکات کو مدنظر رکھنا فائدہ مند ہو سکتا ہے:

- کیا یہ مقام پبلک ٹرانسپورٹ سمیت آسانی سے قابل رسائی اور تلاش کرنے میں آسان ہے؟
- کیا پارکنگ دستیاب ہے یا قریب میں موجود ہے؟
- کیا یہ مقام کسی معتبر تنظیم کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے؟ یہ کچھ مخصوص کمیونٹی گروپس کے لیے خاص طور پر اہم ہے۔
- کیا یہ مقام مخصوص ثقافتوں یا مذاہب کے لوگوں کے لیے موزوں ہے؟
- کیا یہ جگہ نجی ہے؟
- یہ مقام اور کس کے زیرِ استعمال ہے؟ کیا یہ چیز گروپ ممبران کے سکون کی سطح کو متاثر کرے گی؟
- یہ مقام کتنا مصروف یا شور شرابے والا ہے؟
- کیا یہاں پر مناسب روشنی ہے؟ کیا یہ جگہ قدرتی روشنی سے بھرپور ہے؟
- کیا یہاں غیر طبی ماحول محسوس ہوتا ہے؟
- کیا یہ آرام دہ اور پُر سکون ہے؟
- کیا یہ جگہ خوشگوار اور دوستانہ ماحول فراہم کرتی ہے؟
- کیا یہ جگہ کافی حد تک کشادہ ہے؟
- کیا یہاں معذور افراد کے لیے محفوظ اور ہموار رسائی ہے؟
- کیا اس کمرے میں معذور افراد کے لیے حرکت کرنے کی مناسب جگہ ہے؟
- کیا اس کمرے میں بیٹھنے کی جگہ اور دیگر انتظامات آرام دہ اور موزوں ہیں؟
- کیا اس کمرے میں صوتی معیار اچھا ہے؟
- کیا یہ کمرہ آپ کی انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) کی ضروریات پر پورا اترتا ہے؟
- کیا یہ مفت یا کم قیمت ہے؟
- کیا یہاں پر رسائی پذیر ٹوائلٹس ہیں؟
- کیا یہاں کچن یا ریفریشمنٹس تک رسائی ہے؟
- کیا سیشن کے دوران ضرورت پڑنے پر ٹیم ممبران کے لیے وقفہ لینے کے لیے جگہ موجود ہے؟
- گروپ ممبران سے استفسار کریں کہ آیا وہ اس مقام سے مطمئن ہیں یا انہیں کوئی مسائل ہیں۔